قرآن مجید کے چینی ترجمہ کی تقسیم

قرآن مجید کے چینی ترجمہ کی ایک ہزار کاپیوں کو مؤتمر عالم اسلامی نے چین میں تقسیم کیا ہے، چین میں اسلامیات کے فروغ کے لیے مؤتمر نے ۷ ممبروں کی ایک کمیٹی بھی بنائی ہے، جس کے چیئرمین سابق سعودی وزیر اطلاعات ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی ہیں۔

(معارف، اعظم گڑھ، مارچ ۸۹ء)

دسویں صدی ہجری کے ایک مصحف کی اشاعت

یہ مصحف صفوی دور کے نفیس مخطوطات میں شمار ہوتا ہے۔ مشہور خطاط و مصور محمد بن نعیم شیرازی معروف بہ روزبہانی نے اسے ۹۲۷ھ / ۱۵۲۰ء میں تیار کیا تھا، اس مصحف کی کتابت میں ریحان، محقق اور ثلث وغیرہ متعدد قلم استعمال کیے گئے ہیں۔ کویتی تاجر عبداللہ قصبعی کے خرچ پر اس نفیس مصحف کے تین ہزار عکسی نسخے برطانیہ میں شائع ہونے والے ہیں۔

(اخبار التراث الاسلامی، کویت، شمارہ ۴)

رومن رسم الخط میں قرآن شریف کی اشاعت ممنوع

کوالالمپور۔ ملائشیا میں قومی فتویٰ کمیٹی نے رومن رسم الخط میں قرآن شریف کا عربی متن شائع کرنا ممنوع قرار دے دیا ہے۔ کمیٹی ممتاز علما اور مفتی صاحبان پر مشتمل تھی۔ وزیر اعظم کے دفتر میں ڈائریکٹر جنرل برائے اسلامی امور ڈاکٹر عبدالحامد عثمان نے کمیٹی کے فیصلہ کا اعلان کیا۔

(سہ روزہ دعوت ۲۸ جون ۱۹۸۹ء)